مقدس انسغار

مقدس انسغار 801 میں امینس فرانس میں پیدا ہوئے۔بچپن میں آپ نے ایک بینا ڈکٹن راہب خانے میں تعلیم پائی۔آپ خدا کی محبت اور منادی کرنے کے جذبے سے سرشار تھے۔آپ منادی کے لیے ڈنمارک تشریف لے گئے لیکن جلد ہی وہاں سے آپ کو نکال دیا گیا۔جہاں سے آپ سویڈن چلے گئے اور وہاں آپ نے پہلے گرجا گھر کی بنیاد رکھی۔سن 832 میں آپ کو ہمبرگ کا بشپ اور پھر 848 میں بریمن کا آرچ بشپ مقرر کیا گیا۔سن 852 میں آپ نے دوبارہ اسکنڈے نیویا ممالک کا بشارتی دورہ کیا۔تاہم یہاں کوئی خاطر خواہ کامیابی حاصل نہ ہوئی۔ آپ نے غلاموں کی تجارت کے خلاف بھی آواز اُٹھائی۔آپ شہادت کے شدت سے خواہشمند تھے۔تاہم آپ نے رضائے خداوندی سے 64 برس کی عمر میں طبعی وفات پائی۔

اے خُداوند خُدا! تیرے فضل سے مقدس انسغار نے پوری زندگی کوشش کی کہ لوگوں کو تیری طرف متوجہ کرے۔بخش دے کہ تجھ پر ایمان لانے والے ہمیشہ سچی راہ پر چلتے رہیں۔آمین